# 36301 ـ كيا سگرٹ نوشی سے وضوء ٹوٹ جاتا ہے ؟

## سوال

سگرٹ اور ہر قسم کا تمباکو فروخت کرنے کا شریعت میں کیا حکم ہے ؟
میں سگرٹ نوشی کرتا ہوں اور جب مؤذن اذان دے تو میں مسجد چلا جاتا ہوں، آیا مجھے وضوء دوبارہ کرنا ہوگا، یا کہ میرے لیے صرف کلی کرنا ہی کافی ہے، مجھے علم ہے کہ سگرٹ نوشی کئی ایك بیماریوں کا باعث ہے ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

خبیث چیز ہونے اور بہت سے ضرر و نقصانات کا باعث ہونے کی بنا پر سگرٹ اور تمباکو فروخت کرنا حرام ہے، اور ایسا کرنے والا فاسق و گنہگار ہے.

سگرٹ نوشی کر کے دوبارہ وضوء کرنا واجب نہیں، لیکن اس کے حق میں مشروع ہے کہ وہ اس کی گندی اور کریہہ بو کو اپنے منہ سے زائل کرے اور اس کے ساتھ ساتھ اس گندے کام سے اجتناب کرتا ہوا اللہ تعالی کے ہاں توبہ کرے.